Government of Karnataka

ماحولیاتی مطالعہ

ENVIRONMENTAL STUDIES

درسی کتاب مع مشقیہ

TEXT CUM WORK BOOK

ترمیم شدہ

(REVISED)

اُردو میڈیم

URDU MEDIUM

2

برائے جماعت دوّم

SECOND STANDARD

حصّہ دوّم

PART-II

NOT TO BE REPUBLISHED
© KTBS

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

U2B4R6

فہرست مضامین

نمبرشمارہ	اسباق کے نام	صفحہ نمبر
10	ہماری جائیداد	1-7
11	سفر	8-16
12	میرا کنبہ	20-26
13	عید آئی عید	27-34
14	بزرگوں کی دیکھ بھال	35-37
15	باہمی امداد (ایک دوسرے کی مدد)	38-41
16	کھیلو خوشی مناؤ	42-50
17	یہ بھی ہماری ضرورت ہیں	51-55
18	آسمان میں	56-63
19	میرا خوبصورت آبائی وطن	64-70

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:10

ہماری جائیداد

K3J2Z1

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- عوامی جائیداد کی شناخت کرو گے اس کی ضرورت و اہمیت کو بزرگوں سے معلوم کرو گے۔

اس تصویر کو دیکھئے اور پہچانئے کہ نازیہ کہاں کھڑی ہے؟ یہ نازیہ کا گھر ہے۔ اس کا اسکول بہت دور ہے۔ یہ اپنی سہیلیوں کے ساتھ روزانہ اسکول جاتی ہے۔

نازیہ اسکول جاتے وقت راستے میں کون کونسی جگہوں کو پار کرتے ہوئے جاتی ہے؟ اس کے ساتھ تم بھی جاؤ اور معلوم کرو وہ تمہیں اس کے بارے میں بتایئے گی تیر کے نشان کے ساتھ سے شروع کرو۔



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں جب اسکول کے لئے گھر سے نکلتی ہوں تو راستہ میں سب سے پہلے ڈاک خانہ ملتا ہے۔
یہاں سے ہم اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو خطوط دُور دُور کے گاؤں تک بھیج سکتے ہیں۔
اپنے گاؤں کے ڈاک خانہ جا کر وہاں کے کام کاج کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے۔

یہ سڑک کی لائٹ ہے۔ عوام کو سڑک پر چلنے کے لئے روشنی کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے ان لائٹوں کو ادھر ادھر لگایا جاتا ہے۔ ان لائٹوں پر پتھر پھینک کر انہیں نقصان نہ پہنچائیں۔

یہ ایک عوامی نل ہے یہاں سے ہر کوئی پانی حاصل کر سکتا ہے اس نل کو خراب نہ کیجئے۔ پانی بیکار ضائع نہ کریں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الگ الگ گاؤں اور شہروں کو جانے والی بسیں ایک جگہ پر ٹھہرتی ہیں اس جگہ کو ہی بس اسٹانڈ کہتے ہیں۔ تمہارے گاؤں کے بس اسٹانڈ پر جائیے اور وہاں کی پاکی وصفائی کے متعلق جانیئے۔

یہ بیت الخلاء ہے۔ ہر کوئی اسکو استعمال کرسکتا ہے۔ شہروں میں جگہ جگہ ایسے بیت الخلاء تعمیر کئے گئے ہیں۔ یہ کیوں ضروری ہیں؟ معلوم کیجئے۔ اِدھر اُدھر پیشاب نہ کریں۔ بیت الخلاء کو استعمال کرنے کی عادت ڈالیں۔

یہ شہر کی مناسب قیمتوں والی دکان ہے یہاں چاول، گیہوں، شکر اور تیل کم قیمت پر دستیاب ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED

یہ دواخانہ (اسپتال) ہے۔عوامی صحت کی دیکھ بھال اور تحفظ کے لئے دواخانہ ضروری ہے

بتاؤ کہ تم ہسپتال کب گئے تھے؟

ہمیں مدرسہ پہنچنے کے لئے پارک سے ہوکر گزرنا پڑتا ہے۔اس پارک میں مختلف قسم کے پودے درخت اور بیلیں ہیں۔ پرندے اور تتلیاں بھی اڑتی ہیں۔ بیٹھنے کے لئے پتھر سے بنی کرسیاں بھی ہیں یہ ایک خوبصورت پارک ہے۔

یہ میرا مدرسہ ہے یہ بہت بڑا ہے اس کے آٹھ کمرے ہیں مدرسہ کے دائیں جانب کھیل کا میدان ہے میں اور میرے دوست اسکی صفائی کرتے ہیں میرا مدرسہ مجھے بے حد پسند ہے

NOT TO BE REPUBLISHED

اپنے مدرسہ کے متعلق دو جملے لکھئے۔

نازیہ کے گھر سے اُس کے مدرسہ تک جانے والے راستہ میں تم نے کیا کیا دیکھا؟ اس جدول میں لکھئے۔

نمبر شمار	دیکھئے ہوئے مقامات	یہ سب آپ کے گاؤں میں ہیں (✓) کا نشان لگائیں	یہ تمہارے گاؤں میں نہیں تو (×) کا نشان لگائیں
1			
2			
3			
4			
5			
6			
7			
8			
9			
10			

عوام کی سہولت کے لئے گاؤں/شہر میں مدرسہ، ڈاک گھر، ہسپتال، مناسب داموں والی دکان، بیت الخلا، بس اسٹینڈ، راستے کے لائٹ اور عوامی نل موجود ہوتے ہیں۔ یہ لوگوں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ یہ سب ہماری جائیداد ہیں۔ ان کو عوامی جائیداد کہا جاتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے گاؤں میں موجود عوامی جائیداد کو دائرہ میں لکھئے اور ان کے فوائد کو اپنے اساتذہ اور والدین سے معلوم کیجئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

شہر/گاؤں کے تمام لوگوں کو فائدہ پہنچانے والے سہولیات کو ہی عوامی جائیداد کہتے ہیں۔ ان سہولیات کی ضرورت سب کو ہے۔ لہٰذا عوامی جائیداد کو برباد ہونے سے بچانا چاہیئے۔ عوامی نل اور عوامی لائیٹ کی دیکھ بھال کرنا اور بیت الخلاء کی پاکی وصفائی بھی ضروری ہے پارک اور راستوں پر کوڑا اپھینکنا نہیں چاہیئے۔

ایک جملے میں جواب دیجئے۔

1) تم خطوط کہاں سے حاصل کرتے ہو؟

2) گاؤں کے دواخانہ سے آپ کو کیا فائدہ ہے؟

3) اس مقام کا نام کیا ہے جہاں بسیں ٹھہرتی ہیں؟

4) تمہارے اسکول کو خوبصورت بنانے کے لئے تم کیا کروگے؟

5) عوامی نل کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

عوامی جائیداد۔ہم سب کی جائیداد

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

D9N6G5

سبق:11

سفر

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔
- نقل وحمل کے ذرائعوں کو تیز رفتار اور سست رفتار سواریوں میں درجہ بندی کر سکو گے۔
- بری۔ بحری اور ہوائی سواریوں کی پہچان کر سکو گے۔

➢ ہر دن تم اسکول کس طرح آتے ہو؟

➢ تمہیں اگر کسی دوسرے گاؤں جانا ہو تو کیسے جاؤ گے؟

چیزوں اور آدمیوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لانے اور لے جانے کے ذرائع سواریاں کہلاتی ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان سواریوں کے نام لکھئے جن کو آپ نے دیکھا ہے۔

1 ______________________

2 ______________________

3 ______________________

4 ______________________

5 ______________________

6 ______________________

7 ______________________

8 ______________________

تصویر میں موجود سواریوں کے نام کو خانوں میں لکھئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج ذیل سواریوں کو تیز رفتا اور سست رفتار میں درجہ بندی کرتے ہوئے ان کے مقابل صحیح کا (✓) کا نشان لگائیے۔

نمبر شمار	سواری کا نام	تیز رفتار	سست رفتار
1	سائیکل		
2	بیل گاڑی		
3	بس		
4	ریل گاڑی۔ٹرین		
5	ہوائی جہاز		
6	لاری		
7	موٹرسائیکل		
8	گھوڑا گاڑی		
9	آٹورکشا		
10	پانی کی کشتی		

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

رحیم شہر کا رہنے والا ہے۔شہر کا نام کاروار ہے۔اس کے نانا کا گھر اڈپی میں ہے وہ اپنے نانا کے گھر جارہا ہے ان میں سے کس سواری کا استعمال کرتے ہوئے رحیم جلد سے جلد اپنے نانا کے گھر پہنچے گا؟اس سواری کے خانے میں (✓) نشان لگائیے۔

اسرا اپنے نانی کے گھر شیوموگا سے ٹمکور جارہی ہے۔اس کے لئے بہتر سواری کونسی ہے؟ اس کے مقابل (✓) کا نشان لگاؤ۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جنید اور صادق پڑوسی ہیں جو گلبرگہ میں رہتے ہیں اور ایک ہی دفتر میں کام کرتے ہیں۔
جُنید ہر دن بائسیکل اور صادق اسکوٹر میں بہ ایک وقت دفتر کو جانے کے لئے نکلتے ہیں۔ان میں سے دفتر جلد کون پہنچے گا؟اس خانے میں (✓) نشان لگائیے۔



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

جواب دیجئے۔

- کوئی چار سواریوں کے نام لکھیے جو زمین پر چلتی ہیں

- کیا آپ نے پانی پر چلنے والی سواریاں دیکھی ہیں؟ان کے نام بتائیے۔کیا کبھی آپ نے ان میں سفر کیا ہے؟

- کیا آپ ہوا میں اُڑنے والی سواریوں کو جانتے ہو؟ان سواریوں کے نام لکھئے۔

یہاں چند سواریوں کے نام دیے گئے ہیں۔ وہ کہاں پر دوڑتی ہیں؟ اس جدول میں لکھیے۔

لاری، بس، سائیکل، کشتی، ہوائی جہاز، کار، بیل گاڑی، سمندری جہاز، ہیلی کاپٹر، گھوڑا گاڑی، موٹر بائک وغیرہ۔

نمبر شمار	سڑک پر چلنے والی سواریاں	آبی سواریاں	فضائی سواریاں
1			
2			
3			
4			
5			
6			

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

- زمین پر چلنے والی سواریوں کے نظام کو برّی سواریاں (برّی نقل و حمل) کہا جاتا ہے۔
- پانی پر چلنے والی سواریوں کے نظام کو بحری سواریاں (بحری نقل و حمل) کہا جاتا ہے۔
- ہوا میں اڑنے والی سواریوں کے نظام کو فضائی سواریاں (فضائی نقل و حمل) کہا جاتا ہے۔

سرگرمی:

نقطوں کو ملایئے اور ان میں رنگ بھریئے۔ پہچانئے کہ یہ کونسی سواریاں ہیں؟







@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی:

نقطوں کو ملایئے اور ان میں رنگ بھریئے۔ پہچانئے کہ یہ کونسی سواریاں ہیں؟



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

نیچے دی گئی تصویروں میں سواریاں اور ان کا استعمال بتایا گیا ہے ان کا مناسب جوڑ بتانے کے لئے لکیر کھینچئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

نیچے سواریوں کی چند تصاویر دی گئی ہیں۔ان سوریوں پر ◯ کا نشان لگایئے جو لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لئے جاتی ہیں۔ان سواریوں پر ▭ کا نشان لگایئے جو ساز و سامان لے جاتی ہیں۔ان سواریوں پر △ کا نشان لگایئے جو دونوں لے جاتی ہیں۔

خالی ماچس کے ڈبوں سے ٹرین بنایئے سادہ کاغذ سے ہوائی جہاز بنایئے اور اسے گھر میں اڑایئے۔

میں کون ہوں؟ پہیلی بوجھئے۔

پرندہ نہیں پر اڑتا ہوں
چمکوں دمکوں پر تارا نہیں ہوں
مجھ سے جڑے ہیں کئی پہیے
تیز دوڑوں پر چیتا نہیں ہوں
نام میرا میں کہتا نہیں ہوں ▭

نہ راستے پہ چل سکوں
نہ کنوئیں میں تیر سکوں
بجلی سی ہے میری رفتار
چک پک چک پک میرا اوار
تم کیا جانو میرا نام ▭

میرا کھیل نہ کوئی دیکھے
پانی پر ہی چلتا دیکھئے
غائب ہیں پر پکو ٹھے
نہ کوئی نوچے نہ ہی کاٹے
جھٹ پٹ میرا نام بتایئے۔ ▭

☆☆☆

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

G9L1S2

سبق:12

میرا کُنبہ

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- کنبہ میں موجود اختلافی خصوصیات کو پہچانو گے۔
- کنبے کو بنیادی نظام کے طور پر سمجھو گے۔
- یہ جانو گے کہ الگ ہونے کے باوجود ہم بھی دوسروں کی طرح ہی ہیں

نیچے دی گئی تصویر کو غور سے دیکھئے ہر کنبے کے اراکین کی گنتی کیجئے اور لکھئے۔

نمبر شمار	خاندان کی تصویر	کنبے کے ارکان کی تعداد
1 کنبہ		
2 کنبہ		
3 کنبہ		

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4 کنبہ		

- کونسے کنبے میں سب سے کم افراد ہیں؟ ☐
- کونسے کنبے میں سب سے زیادہ افراد ہیں؟ ☐
- اپنے گھر کے افراد کی تعداد بتایئے۔ ☐

ان تصاویر کو دیکھئے۔ سب سے کم افراد والے کنبہ کو (✓) کا نشان لگا کر ظاہر کیجیے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خالی جگہ پُر کیجیے۔

کم افراد پر مشتمل خاندان کو چھوٹا کنبہ کہتے ہیں۔
زیادہ افراد کے خاندان کو بڑا کنبہ کہتے ہیں۔

وِملا کے کنبے میں چھ افراد ہیں۔دادا دادی،ماں باپ ،ایک بھائی اور وِملا خود

© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

وِملا کے کنبہ کی اس تصویر کو غور سے دیکھئے اور بتائیے کہ یہاں کیا ہو رہا ہے؟ گھر میں آپ کے کام میں کون مدد کرتا ہے؟

کنبے کے افراد کھیلنے، پڑھنے اور کام کرنے میں تمہاری مدد کرتے ہیں۔سب کے لئے کنبہ کے افراد کی ضرورت ہوتی ہے۔

تصویروں پر غور کیجیے۔

وِملا اپنی پڑوسی رادھا کے گھر جا رہی ہے۔

NOT TO BE @ NCERT PUBLISHED

جواب دیجیے۔

- اس تصویر میں وملا کیا کر رہی ہے؟
- کون اس کی مدد کر رہا ہے؟
- کیا تمہارے کام میں تمہارے پڑوسی تمہارا ساتھ دیتے ہیں؟
- کیا تم اپنے پڑوسیوں کا ساتھ دیتے ہو؟

پڑوسیوں کو مدد کرنے کی عادت کو اپنایئے



اوپر کی تصویروں پرغور کرو۔ دائروں کو درج ذیل میں بتائیے گئے رنگوں سے پُر کرو۔

- موٹا شخص ...... سرخ رنگ
- گھنگرو بال والا شخص ...... سیاہ رنگ
- اونچا شخص ...... نیلا رنگ
- پست قد والا شخص ...... سبز رنگ
- لمبے بال والا شخص ...... نارنگی رنگ

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے دوستوں کی خصوصیات کی فہرست بناؤ۔اور نیچے کے کالم میں لکھو۔

دوست کا نام	رنگ	لمبائی۔ پست/اونچا	دبلا۔موٹا	گھنگھرو یا سیدھے بال	بال لمبے یا چھوٹے

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہارے اور تمہارے دوست کے ظاہری خصوصیات معلوم کرو۔فرق پہچانو اور اپنے دوستوں سے بحث کرو۔

تصویر میں جانکی، فہیم، موہن، جان اور رمیش لگوری کھیل رہے ہیں۔ اور وہ ایک دوسرے سے جدا نظر آ رہے ہیں۔

وہ سب ایک ساتھ مدرسہ آتے ہیں۔ وہ سب اسکول یونیفارم پہنے ہوئے ہیں۔ وہ ساتھ ملکر پڑھتے ہیں۔ وہ سب ایک ساتھ مل جل کر رہتے ہیں وہ سب آپس میں محبت اور دوستی کے ساتھ رہتے ہیں وہ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں کیا آپ اور آپ کے دوست ایک دوسرے سے مختلف نظر نہیں آتے؟ کیا آپ اپنے دوستوں سے ملکر کھیلتے اور مل کر نہیں رہتے ہو؟

گنگناؤ خوشی مناؤ

میں ہوں اونچا تو ہے ٹھگنا
جسم ہے موٹا رنگ ہے گورا

دونوں جاتے ہیں اسکول
پڑھنا لکھنا ہے معمول
ہم دونوں آپس کے دوست

کالی ہیں یہ خوبرو آنکھیں
چھوٹی چھوٹی ہیں یہ زلفیں
ہم دونوں کی ناک اور آنکھیں
لگتی الگ پر دوست ہیں باچھیں

میں الگ ہوں اور تُو الگ
دیکھنے والوں کو لگ بھگ
ہم تو مل جل کر کام کریں گے
آگے بڑھیں گے نام کریں گے

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سبق:13

عید آئی عید

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- دوستوں اور رشتہ داروں کے گھر مختلف تہواروں میں شریک ہو کر اُن کے متعلق ایک رپورٹ بناؤ گے۔

ان تصاویر کو غور سے دیکھو اور جشن کے نام خالی خانوں میں لکھئے۔

NOT TO BE REPUBLISHED
©KTBS

آج ریٹا کی سالگرہ ہے۔ جو اس تصویروں میں ہیں ان کو غور سے دیکھئے اور کہانی سُنائیے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

جواب دیجئے۔

- آپ کے گھر میں کونسے جشن منائے جاتے ہیں؟
- آپ کے گھر میں کونسی عیدیں منائی جاتی ہیں؟
- آپ کے گھر میں منائی گئی عید یا جشن کو دو جملوں میں بولیے۔
- کیا کبھی تم اپنے دوست یا رشتہ دار کے گھر میں ہوئی کسی تقریب میں شامل ہوئے ہو؟
- ایسے کسی ایک جشن یا تقریب کا نام بتاؤ جس میں تم نے شرکت کی ہو۔

درج ذیل تصاویر کو غور سے دیکھئے۔ یہ کونسے تیوہار ہیں؟ ان کے نام دئے گئے خانوں میں لکھئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دیوالی چراغوں (روشنی) کا تیوہار ہے۔ ہندولوگ یہ تہوار بڑی دھوم دھام سے منا تے ہیں گھر کے سارے افراد نئے کپڑے پہنتے ہیں وہ مختلف قسم کی مٹھائیاں بناتے اور کھاتے ہیں۔گھروں میں چراغ جلاتے ہیں سنر پٹاخے چھوڑتے ہیں۔

عیدالفطر مسلمانوں کے لئے ایک اہم عید ہے ۔ یہ عید رمضان کے مہینے کے روزوں کے ختم ہونے پر منائی جاتی ہے۔ گھر کے سارے افراد مٹھائی تقسیم کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

حضرت عیسیٰ کا جنم دن کرسمس کا تہوار ہے۔ یہ تیوہار ہر سال ۲۵ دسمبر کومنایا جاتا ہے۔ یہ خوشی اور مسرت کے ساتھ منایا جاتا ہے نئے کپڑے پہنے جاتے ہیں کیک تقسیم کئے جاتے ہیں ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دیتے ہیں۔

ان تصاویر کو غور سے دیکھئے ان تیوہاروں پر (✓) کا نشان لگایئے جن میں آپ نے شرکت کی ہو۔

ان تصویروں کو دیکھ کر تہواروں کے نام لکھئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



تصاویر دیکھ کر منائے جا رہے جشن کے نام لکھیے۔

اپنے مدرسہ میں منائے جانے والی تقاریب اور جلسوں کے نام بولیئے اور یہ بتائیے کہ آپ اور آپ کے ساتھیوں نے ان میں کیسے شرکت کی۔

اسکول کے جس جشن کو آپ پسند کرتے ہو اس کی تفصیل بتائیے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

ان تصاویر میں رنگ بھریئے۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

NOT TO BE REPUBLISHED
©KTBS

مختلف قسم کی رنگولیاں ڈالنا سیکھیے، اپنے بزرگوں سے ان تصاویر میں رنگ بھرنے کے طور طریق سیکھیے۔

تمہارے گھروں میں ہونے والے جشن اور تہواروں میں گھر والے افراد کس طرح گھروں کو سجاتے ہیں غور کیجیے۔ سیکھنے کی کوشش کیجیے۔

☆☆☆

I2U2I4

سبق:14

بزرگوں کی دیکھ بھال

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- مریضوں اور بزرگوں کی مدد کرنے کا جذبہ پیدا کروگے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان کا جواب دیجیے۔

- دادی ماں کیوں سو رہی تھیں؟
- راجو نے دادی ماں کی مدد کس طرح کی؟
- تم اپنے ماں باپ، دادا دادی کی مدد کس طرح کرتے ہو؟

ان تصاویر کو غور سے دیکھئے اس میں بچّے کیا کر رہے ہیں؟ بتائیے۔

ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور جو صحیح ہیں ان پر (✓) لگائیں اور جو آپ کو غلط لگے اُس پر (×) کا نشان لگائیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

نیچے دی گئی تصویر کو غور سے دیکھئے اور بتائیے کہ اس صورت حال میں آپ کیا کریں گے؟

گنگناؤ اور خوش ہو جاؤ

بٹاؤ اپنا ہاتھ بزرگوں کے ساتھ
گذارو کچھ وقت بیماروں کے ساتھ

کرنا سیکھو تم احسان
بنالو نیکی اپنی پہچان

ہمیں اپنے بزرگوں کی عزت کرنی چاہئیے۔ بیماروں اور بزرگوں کو پیار بھری نظروں سے دیکھنا اوران کی خدمت کرنا چاہئیے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

M6C5U4

سبق: 15

باہمی امداد (ایک دوسرے کی مدد)

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- مختلف افراد گھر کے کام کس طرح کرتے ہیں؟ ان کی پہچان کرسکو گے۔

یہ رامو کا گھر ہے۔ رامو کے گھر میں کیا کیا کام ہو رہے ہیں؟ غور کیجئے۔

© TBS NOT TO BE REPUBLISHED

درج بالا تصاویر کو غور سے دیکھو۔ مختلف آدمی کیا کیا کام کر رہے ہیں؟ دی گئی جگہوں میں کام کا نام لکھو۔

- پودوں کو پانی دینا ☐
- پھول توڑنا ☐
- بال سنوارنا، کنگھی کرنا ☐
- کتابوں کو ترتیب سے رکھنا۔ ☐

صبح سے لیکر شام تک گھر میں انجام پانے والے کام کاج کو یاد رکھئے بتایئے کہ کنبے کا کونسا فرد کیا کام کرتا ہے۔

یہ ممتا کا گھر ہے۔ یہاں اس کے باپ ماں اور بھائی رہتے ہیں۔ ان تصویروں میں وہ کام دکھائے گئے ہیں جو ممتا کے گھر میں انجام پاتے ہیں۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

جواب دیجئے۔

- ممتا کے گھر میں کیا کیا کام ہو رہے ہیں؟
- یہ کام کون کر رہے ہیں؟
- سوچو! کیا ہوگا اگر ایک آدمی یہ سارے کام کرے؟
- تمہارے گھر میں سب مل کر کیا کیا کام کرتے ہیں؟ بتاؤ۔
- سب مل کر کام کرنے کے کیا کیا فائدے ہیں؟

تم گھر پر جو کام کرتے ہو اس کام پر (✓) نشان لگاؤ۔







@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

گھر کے کون کونسے کام میں تم اپنے گھر والوں کا ہاتھ بٹاتے ہو؟

درج ذیل تصاویر کو جوڑ لگایئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مندرجہ ذیل کام کو اداکاری کے ذریعہ ظاہر کیجئے۔

1) کنوئیں سے پانی نکالنا 2) پودوں کو پانی دینا 3) لکڑیاں چیرنا 4) برتن دھونا

5) کپڑے دھونا 6) جھاڑو لگانا 7) ترکاری کاٹنا 8) بال بنانا

گنگناؤ اور خوش ہو جاؤ

میرا گھر نہایت سندر لگتا ہے یہ اتنا سندر
سب مل جل کر کام کریں ہم پھول کھلائیں الفت کے ہم
وقت بچائیں لطف اٹھائیں جیون کا سکھ ہم بھی پائیں

☆☆☆

L1Z9P3

سبق:16

کھیلو اور خوشی مناؤ

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

• مدرسہ کے اندر اور مدرسہ کے باہر کھیلے جانے والے مختلف کھیلوں کی فہرست تیار کروگے۔

ان تصویروں کو غور سے دیکھو گھر اور مدرسہ میں کھیلے جانے والے کھیلوں پر (✓) کا نشان لگاؤ۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



دوستوں کے ساتھ مل کر گروہوں میں کون کونسے کھیل کھیلو گے؟ ایسے پانچ کھیلوں کے نام لکھو۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ان تصویروں پر غور کریں۔ یہ کھیل کہاں کھیلے جا رہے ہیں؟ خالی خانوں میں (✓) کا نشان لگائیں۔

باہر ☐ اندر ☐

باہر ☐ اندر ☐

باہر ☐ اندر ☐

باہر ☐ اندر ☐

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

نیچے چند کھیلوں کی فہرست دی گئی ہے جو گھر یا اسکول کے اندر/ باہر کھیلے جاتے ہیں ہر فہرست میں سے اندر/ باہر کھیلے جانے والے کھیلوں پر نشان لگائیے۔

کھیلیں	گھر کے اندر	گھر کے باہر
شطرنج کا کھیل		
کیرم بورڈ		
لنگڑی کا کھیل		

		چوکھا بارہ
		گیند کا کھیل یا لگوری
		کرکٹ
		سانپ سیڑھی
		جھوٹ کا کھیل
		رسی کا کھیل
		لٹّو کا کھیل
		والی بال
		کبڈی

کھیل جو اسکول یا گھر کے اندر کھیلے جاتے ہیں ان کو ان ڈور گیمس یا اندرونی کھیل کہتے ہیں۔

کھیل جو اسکول یا گھر کے باہر کھیلے جاتے ہیں وہ آوٹ ڈور گیمس یا میدانی کھیل کہلاتے ہیں۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ان کھیلوں کو غور سے دیکھئے۔ گھر کے اندر کھیلے جانے والے کھیل کے لئے ☐ اور گھر کے باہر کھیلے جانے والے کھیل کے لئے △ کا نشان لگائیے۔



© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ان کھیلوں میں استعمال ہونے والی چیزوں کے نام دی گئی خالی جگہوں میں لکھئے۔

کرکٹ	________	________	________
لگوری	________	________	________
فٹ بال	________	________	________
والی بال	________	________	________
پتھر کا کھیل	________	________	________
سانپ سیڑھی	________	________	________
گلّی ڈنڈا	________	________	________
چوکا بارہ	________	________	________
گولیوں کا کھیل	________	________	________
کبڈی	________	________	________
آنکھ مچولی	________	________	________

مدرسہ کے اندر اور باہر کھیلے جانے والے کھیلوں کی تصویریں جمع کرو اور دی گئی جگہوں میں چسپاں کرو۔

اسکول کے اندر	اسکول کے باہر

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

نقطوں کو جوڑیئے اور ایک شکل بنائیے اور اس میں رنگ بھریئے۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

گنگناؤ اور خوشی مناؤ

کھیل کی قسمیں ہیں سینکڑوں
کچھ اندر کے اور کچھ بیروں

لگوری اور کرکٹ بیرونی
کہہ دو ان کو میدانی

کیرم کھیلو گھر کے اندر
شطرنج کھیلو گھر کے اندر

گھر گھر کھیلیں لٹو کا کھیل
گلی ڈنڈا بچوں کا کھیل

گھومتی ناچتی گیند کا کھیل
رنگ برنگی گولی کا کھیل

دوستوں کے سنگ کھیلوں گا
کھیلتا کود تا سیکھوں گا

☆☆☆

©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

B8Y5Z8

سبق:17

یہ بھی ہماری ضرورت ہیں

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- بچوں کو اپنی ضرورتوں کا احساس دلاؤ گے۔

ان تصویروں سے آپ کیا سیکھیں گے؟

میں سیکھنے کے لئے اسکول جاؤں گی

ترکاری کے لئے میں مارکیٹ جاؤں گی

میں چاول، دال، گیہوں خریدنے کے لئے مناسب دام کی دکان جارہا ہوں



مجھے بہت سردی ہے دوا لانے ہسپتال جاؤں گی

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



اسکول، مارکیٹ، اسپتال، مناسب داموں والی (ڈپو) دکان، بس اسٹانڈ، ڈاک خانہ وغیرہ۔ یہ سب ہماری ضرورتیں پورا کرتے ہیں۔

ان تصویروں کو دیکھئے اگر یہ سب آپ کے گاؤں میں ہیں تو ان پر صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔

یہ تمہیں کیوں چاہیئے؟ بتائیے۔

گنگناؤ اور خوشی مناؤ

کھیلنا اور گر پڑھنا ہے — ہمیں مدرسہ بھی جانا ہے
نانا نانی کے گھر جانا ہے — یوں یوں کرتی بس چڑھنا ہے
رنگ برنگے پھل ترکاری — کیسے ٹھہرے نظر ہماری
جو ملتی دکان سے نان — ہسپتال سے بچتی جان
وہ سب ہمارا یہ سب ہمارا — ٹوٹے پھوٹے کیا ہو ہمارا
یہ ہیں اپنے کام کے سارے — چاہیں گے ہم جی لگا کے

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

لکیر کھینچتے ہوئے جوڑ لگائیے۔



ہمیں یہ سب چاہئیے۔

☆☆☆

سبق: 18

آسمان میں

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔
- سورج چاند اور ستاروں کا مشاہدہ کرتے ہوئے ان چیزوں کی خصوصیات کو جانو گے۔
- مشرق، مغرب، شمال، جنوب سمتوں کی شناخت کرو گے۔

اس تصویر کو غور سے دیکھئے اور کہئے کہ اب کونسا وقت ہے؟



دن کے وقت آسمان پر کیا دکھائی دیتا ہے؟ اسے یہاں لکھئے۔



NOT TO BE REPUBLISHED





© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



بچو! کیا تم جانتے ہو کہ میں کس سمت سے طلوع ہوتا ہوں اور کس سمت میں غروب ہوتا ہوں؟ یہ تصویر دیکھو میں مشرق کی جانب سے طلوع ہوتا ہوں۔ ریحانہ میرے سامنے کھڑے ہوکر میرے طلوع ہونے کو غور سے دیکھ رہی ہے۔



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

اب ریحانہ کی پشت مغرب کی طرف ہے۔ یہ میرے
غروب ہونے کی سمت ہے۔







ریحانہ اب اپنا بایاں ہاتھ پھیلائے درخت کو
دکھارہی ہے۔ وہ درخت شمالی سمت میں ہے

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



ریحانہ اب اپنا دایاں ہاتھ گھر کی جانب
پھیلائی ہوئی ہے۔ یہی جنوب ہے ۔ ریحانہ کا
گھر جنوب سمت میں ہے

بچوں ! میرے طلوع ہونے کی
جانب کھڑے ہوکر مشرق، مغرب، شمال
اور جنوب سمتوں کی نشاندہی کیجئے۔

عارف اس تصویر میں مشرق کی
سمت میں کھڑا ہوا ہے۔ تصویر پر غور کیجئے
اور درج ذیل جملے مکمل کیجئے۔



©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

- ناریل کا درخت عارف کی __________ سمت میں ہے
- گائے __________ سمت میں ہے
- جنوب کی سمت __________ __________ ہے۔

کھیلو اور سیکھو

دوستوں کے ساتھ میدان میں آؤ۔ سورج کے سامنے کھڑے ہو جاؤ بقیہ تینوں سمت کو پہچاننے کا کھیل کھیلو۔ سمت کو صحیح طور پر پہچاننے والا کامیاب ٹھہرے گا۔



اوپر کی تصویر دیکھو۔ یہ دن کے وقت کے معمول کام ہیں۔ اپنے بزرگوں اور اُستاد کی مدد سے ان کاموں کو پہچانئے اور دی گئی جگہوں میں لکھئے۔ اپنے دوستوں کے ساتھ اس پر بحث کیجئے۔

دن میں ہونے والے مختلف کاموں کے متعلق تمہارے دوستوں سے بحث کیجئے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سورج کو براہ راست ننگی آنکھوں سے مت دیکھو سورج کو دیکھنے کے لئے مخصوص چشمے ہوتے ہیں۔ استاد یا بزرگوں کی مدد سے دیکھو۔



میرے غروب ہونے، کا وقت ہو گیا۔
اب اندھیرا ہو جائے گا۔
بچو! اب آسمان کی طرف دیکھو۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہیں رات کے وقت کیا دکھائی دیتا ہے؟ یہاں لکھو __________، __________

میں چاند ہوں۔ رات میں مَیں آسمان میں دکھائی دیتا ہوں۔
روزانہ میری شکل دیکھو۔ میں روزانہ اپنی شکل بدلتا رہتا ہوں۔
میں جب پورا ہوتا ہوں تو چودھویں کا چاند یا **پونم** کا چاند کہلاتا ہوں۔ میں جس دن دکھائی نہیں دیتا وہ **اماوس** کی رات ہوتی ہے۔

کرکے دیکھئے۔

نیچے پندرہ خانے دئے گئے ہیں چاند کی کُل رات سے پہلی چاندرات تک میرے ہردن کی شکل درج کیجئے۔

پونم اور اماواس کتنے دنوں میں آتی ہے معلوم کیجئے۔

بچو! رات کے وقت آسمان پر تم نے ہمیں دیکھا ہوگا !



ہم ستارے ہیں۔ آسمان پر رات کے وقت ہم جگمگاتے رہتے ہیں۔

کیا تم ہمیں گن سکتے ہو؟

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

نقطوں کو جوڑیئے اور ان میں رنگ بھریئے۔



گنگناؤ اور خوشی مناؤ

آسمان سے سورج نکلا
ساتھ میں اپنے کرنیں لایا
گھونسلے چھوڑے پرندے بھی اپنے
انساں بھلا چپ کیوں رہ جائے

چندا چندا ماموں آؤ
ساتھ میں اپنے تارے لاؤ
جگ مگ جگ مگ چمکو تارو
آؤ میری گود میں آؤ

صاف دمکتی روشنی میں
کھیلیں گے ہم مستی میں

☆☆☆

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:19

میرا خوبصورت آبائی وطن

اس سبق کے مطالعہ کے بعد تم۔۔۔

- مقامی جغرافیائی خصوصیات کو پہچانو گے
- اپنے قصبہ اور تعلق کی پہچان کر پاؤ گے۔

ان تصویروں کو دیکھئے۔ پچھلی جماعت میں جو آپ نے جو پڑھا ہے یا سیکھا ہے، اُسے ذہن میں لایئے اور خانوں میں ان کے نام لکھئے۔





@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



میں کون ہوں؟

میں نہایت کشادہ اور گہرا ہوں میرا پانی کپڑے دھونے، سواریاں دھونے جانوروں کو نہلانے، زراعت اور کاموں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ تو میں کون ہوں۔

اگر آپ کے گاؤں میں تالاب ہے تو وہاں کی سیر اپنے بزرگوں کے ساتھ کیجئے اور دیکھئے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔

اندازہ لگایئے کہ کیا تمہارے گاؤں میں موجود تالاب کا پانی پاک وصاف ہے۔ پانی پاک و صاف رکھنے کے لئے تم کیا کر سکتے ہو؟

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

میرا رنگ ہرا ہے ۔ میرے ہاں بہت سارے درخت ، پودے ، جانور اور پرندے ہیں۔ٹھنڈی ہوائیں دیتا ہوں۔بتاؤ کون ہوں؟

اگر آپ کے گاؤں کے قریب جنگل ہے تو وہاں کے جانوروں اور پرندوں کے بارے میں اپنے بزرگوں کی مدد سے معلومات حاصل کیجئے ۔ اپنے دوستوں سے بحث کیجئے کہ اگر جنگل کے درخت کاٹ دیئے جائیں تو کیا ہوگا؟

ہر طرف پانی ہی پانی ہے۔ میرا پانی نمکین ہے۔ کنارے پر ریت کا ڈھیر ہی ڈھیر ہے ۔ جہاز میرے اوپر چلتے ہیں۔ مچھیرے مچھلیاں پکڑتے ہیں میں کون ہوں؟

اگر تمہارے گاؤں کے قریب سمندر ہے تو بزرگوں کے ساتھ جا کر وہاں ہونے والے کاموں پر غور کرو۔



میں بہت اونچا ہوں ۔ میں پتھروں سے بنا ہوں اور مجھ پر درخت اور پودے بھی اُگتے ہیں میں کون ہوں؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اگر تمہارے گاؤں سے قریب کوئی پہاڑی ہے تو اپنے دوستوں اور بڑوں کے ساتھ وہاں جایئے اور اس کی بناوٹ کو دیکھئے وہاں نظر آنے والی چیزوں کی ایک فہرست بنایئے

میں بہتی رہتی ہوں۔ میرا پانی پینے اور دوسرے کاموں کے لئے ہے ۔ چند پودے بھی مجھ میں اُگتے ہیں۔ کئی ایک جانور بھی مجھ میں پلتے ہیں۔

میں کون ہوں؟

نقطے ملایئے رنگ بھریئے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کھیل کھیلو:

حروفوں کے جدول میں تمہارے اطراف دکھائی دینے والی چیزوں کے نام موجود ہیں۔ان کی نشاندہی کیجئے اور دی گئی مثال کے مطابق ان کے اطراف دائرہ کھینچ کر چیزوں کے نام لکھئے۔

گ	و	ر	ا	ن	ن	پ	و	س
ا	س	ک	و	ا	ا	ہ	ض	و
و	ط	ن	ر	ن	ن	ا	و	ر
ل	ب	ہ	ن	ا	ی	ڑ	ہ	ج
ڈ	ا	ک	گ	ھ	ر	ی	ز	چ
پ	ہ	ا	ڑ	م	ق	ا	ا	ا
ش	ا	ک	ر	د	م	ل	و	ن
ہ	س	پ	ت	ا	ل	ا	ر	د
ر	ا	س	ت	ہ		ن	د	ی

مثال = ندی

.1 ....

.2 ....

.3 ....

.4 ....

.5 ....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

گنگناؤ اور خوشی مناؤ

آؤ بہنو ! آؤ بھیا
گاؤں اپنا دیکھیں

آس پاس جو کچھ اپنے ہے
دیکھیں جانیں اوروں سے

جنگل ونگل ٹیلہ پہاڑی
پودے درخت اور ہیں جھاڑی
اس کو سمجھے سمجھ ہماری

ندی نالہ اور ہے تالاب
اپنے چاروں جانب آب
ان سے بڑا ہے بھائی سمندر
پڑھنا ہے یہ سب سمجھ کر

کیا تمہارے گاؤں کے اطراف پہاڑ۔ ندیاں۔ تالاب وغیرہ موجود ہیں؟ اگر ہیں تو تمہارے دوستوں سے معلوم کیجئے اور اُن کے متعلق معلومات اکٹھا کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مندرجہ ذیل تصویر کوغور سے دیکھئے۔آصفہ اپنے شہر،علاقہ کا تعارف کرارہی ہے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جواب دیجئے۔

- اپنے گاؤں کا نام یہاں لکھئے ....
- تمہارا گاؤں کس قصبے سے ملا ہے؟ اپنے استاد کی مدد سے معلوم کرو اور یہاں لکھو ☐
- تمہارا گاؤں کس تعلقہ میں شامل ہے؟ اپنے استاد کی مدد سے معلوم کرو اور اس کا نام یہاں لکھو ☐

گُنگناؤ اور خوشی مناؤ

گاؤں گاؤں میرا گاؤں کونسا ہے گاؤں تمہارا
میرا گاؤں_____________
قصبہ قصبہ میرا قصبہ کونسا ہے تمہارا قصبہ
میرا قصبہ_____________

اس نمونے کے مطابق اپنے تعلقہ اور ضلع کے نام سے ایک نظم کہو۔ اپنے دوستوں کے ساتھ گنگناؤ۔

☆☆☆